محمد اسرار ابن مدنی
نائب مدیر الحق



تعارف و تبصرہ کتب

● **فتاویٰ عثمانیہ (جلد ۱۰)** زیر نگرانی : حضرت مولانا مفتی غلام الرحمٰن مدظلہ

ضخامت جلد ۱۰: ۴۸۸ صفحات ناشر: العصر اکیڈمی جامعہ عثمانیہ نوتھیہ پشاور

دارالعلوم حقانیہ اوران کے فضلاء کو اللہ تعالیٰ نے ہر میدان میں بے شمار ترقیات سے نوازا ہے یہاں کے فضلاء صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ بیرونی ممالک میں بھی مختلف دینی خدمات انجام دینے میں مصروف عمل ہیں،تصنیف وتالیف ہو یا دعوت وتحقیق، جہاد وسیاست ہو یا طریقت،فقہ وافتاء ہو یا درس و تدریس ہر شعبے میں جامعہ کے ہونہار فضلائے کرام خدمات اور فرائض انجام دے رہے ہیں۔زیر نظر مجموعہ ’’فتاوی عثمانیہ‘‘دارالعلوم حقانیہ کے فاضل ،سابق مدرس اور نگران دارالافتاء حضرت مولانا مفتی غلام الرحمٰن مدظلہ کے علمی اور فقہی بصیرت اور علمیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔جنہوں نے بیس سال کے عرصہ میں جامعہ عثمانیہ کے دارالافتاء سے جاری ہونے والے فتاوی جات کو انتہائی احسن اور اعلیٰ انداز میں مرتب و مدون کیا۔اس سے پہلے دارالعلوم حقانیہ کے فتاوی دارالعلوم حقانیہ میں بھی وہ مسلسل متحرک رہے۔اس کتاب پر تقریظ میں مولانا سمیع الحق صاحب رقمطراز ہیں:

> ’’فتاویٰ عثمانیہ کی اس ترتیب میں دیگر شائع شدہ فتاویٰ سے الگ اسلوب اختیار کیا گیا ہے ہر کتاب کی ابتداء میں مباحث ابتدائیہ کے عنوان سے اس کتاب کی اہمیت اس کے متعلق بعض مصطلحات اوران کی تعریفات اور دیگر ضروری باتوں کی وضاحت کی گئی ہے اوراس کے بعد اسی کتاب کے متعلق لوگوں کے استفسارات کے باحوالہ جوابات ذکر کیے گئے ہیں جس کی وجہ سے فتاویٰ کی افادیت میں اور بھی اضافہ ہوگیا ہے‘‘

فقیہ ہند حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی اس مجموعہ کی افادیت اور خصوصیت کے متعلق لکھتے ہیں:

> ’’اس کتاب میں نئے مسائل بالخصوص معاملات سے متعلق احکام کی بڑی مقدار آگئی ہے اور جدید مسائل کو خصوصی اہمیت کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے،مسائل میں خاصا تنوع ہے فہرست پر سرسری نگاہ ڈالنے سے یہ اندازہ ہو جائے گا کہ اس میں بہت سے ایسے مسائل آگئے ہیں جو معاصر کتب فتاویٰ میں موجود نہیں،عام طور پر فتاویٰ کی زبان آسان اور عام فہم ہے اس سے عوام کو استفادہ کرنے میں